# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 02 January-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲؍جنوری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

:::::::سرخیاں:::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ وزیرِ اعظم فصل بیمہ اسکیم کے تحت مختص فنڈ میں اضافہ کرنے کا مرکزی کابینہ کا فیصلہ۔

☆ گڈ چرولی کو اِسٹیل سٹی آف اِنڈیا بنانے کی سمت کام جاری: وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کا عندیہ۔

☆ سالِ نو کے پہلے ہی دِن دو علیحدہ علیحدہ سڑک حادثات میں مراٹھواڑہ کے آٹھ زائرین ہلاک۔

☆ بزرگ ادیب سدھیر رَساڑ اور سنجے آر ویکر کو وِدربھ ساہتیہ سنگھ کا ریاستی سطح کا ایوارڈ۔

اور۔۔۔☆ مہاراشٹر کے عزمِ مطالعہ مہم کے تحت ہنگولی اور ناندیڑ میں مختلف پروگراموں کا انعقاد۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

ڈی اے پی کھادوں پر فی کوئنٹل تین ہزار روپئے کی خصوصی رعایت کو جاری رکھنے کا فیصلہ مرکزی کابینہ نے کیا ہے۔ کسانوں کو ڈی اے پی کھاد کے 50 کلوگرام وزنی تھیلے پر ایک ہزار 350 روپئے سبسڈی دی جائیگی۔ اس کیلئے مرکزی مالی بجٹ میں تین ہزار 850 کروڑ روپئے مختص کرنے کا فیصلہ کل مرکزی کابینہ کے اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس کے بعد اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے یہ اطلاع دی۔ انھوں نے بتایا کہ وزیرِ اعظم فصل بیمہ اسکیم اور نومرتب شدہ موسم پر منحصر فصلوں کی بیمہ اسکیم کیلئے مختص فنڈ میں اضافہ کیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا:

*’’پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا‘ اس کا اینہاسمنٹ‘ اس کے ایلوکیشن کا اینہانس کیا گیا۔ 69ہزار 515 کروڑ کیا گیا۔ اور یہ جس طرح کا ابھی تک کا انوبھو آیا ہے‘ جس طرح سے اس اسکیم میں یوٹیلائزیشن‘ جس طرح سے رِسپانس ملا ہے‘ جیسے کسانوں کے جیون میں جو رئیل پر یورتن آیا ہے اس اسکیم سے‘ اس کے کارَن اس ایلوکیشن کو اینہانس کیا گیا ہے۔‘‘*

ویشنو نے مزید بتایا کہ گذشتہ آٹھ برسوں کے دوران بیمہ اسکیم کے تحت کسانوں میں ایک لاکھ 70 ہزار کروڑ روپئے تقسیم کیے جاچکے ہیں۔

دریں اثناء‘ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مرکزی کابینہ نے نئے سال کا پہلا فیصلہ کسانوں کے مفاد میں کیا ہے۔ سماجی رابطے پر اپنے پیغام میں وزیرِ اعظم نے کہا کہ اس فیصلے کے باعث کسانوں کی فصلیں مزید محفوظ ہوں گی اور ان کے نقصانات کے خدشے کم ہوں گے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ گڈ چرولی کو اسٹیل سٹی آف انڈیا بنانے کا خواب شرمندۂ تعبیر کرنے کی سمت کام جاری ہے۔ وہ کل گڈ چرولی میں لائیڈس میٹل کمپنی کے ڈی آر آئی پروجیکٹ کے سنگِ بنیاد اور مختلف پروجیکٹس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ گڈ چرولی ضلع میں ہر معنی میں تبدیلیاں نظر آ رہی ہیں۔ کون سری پروجیکٹ جس کا سابقہ دورِ اقتدار میں بحیثیتِ وزیرِ اعلیٰ سنگِ بنیاد رکھا تھا اب اس کے پہلے مرحلے کا افتتاح کیا جا رہا ہے۔ ان تمام منصوبوں سے 10 ہزار افراد کو ملازمتیں ملی ہیں اور اندرونِ 10 ماہ کام مکمل ہونے کے بعد مزید پانچ ہزار افراد کو ملازمتیں ملیں گی۔ اس صورتحال میں تبدیلی واضح نظر آ رہی ہے اور گڈ چرولی ضلع کو اسٹیل سٹی آف انڈیا بنانے کا جو خواب دیکھا گیا تھا اسے شرمندۂ تعبیر کرنے کیلئے کام جاری ہے۔

وزیرِ اعلیٰ کے ہاتھوں لائیڈس میٹل کمپنی کے اسکول، اسپتال، ملازمین کی قیام گاہوں، جم خانہ اور بچوں کے پارک وغیرہ کا افتتاح بھی کل عمل میں آیا۔ اسی دوران اہیری تا گردے واڑہ بس خدمات کا آغاز بھی وزیرِ اعلیٰ کی موجودگی میں کیا گیا۔ آزادی کے 75 سال بعد بس سروس کے شروع ہونے پر انھوں نے اطمینان کا اظہار کیا۔ انھوں نے کہا کہ ماضی میں طویل عرصے سے حمل و نقل کی سہولت نہیں تھی اور اسے ماؤنوازوں کے زیرِ اثر علاقہ سمجھا جاتا تھا۔ تاہم پولس نے بہترین کارکردگی دکھاتے ہوئے نکسلیوں کا تسلط یہاں سے ختم کیا۔ سڑکوں اور پلوں کی تعمیر کے سبب اب اسے راست چھتیس گڑھ سے جوڑ دیا گیا ہے۔

نکسل رہنماء تارکّا اور ان کے دس معاونین نے کل خود سپردگی کی۔ اس موقع پر وزیرِ اعلیٰ نے ہتھیار ڈالنے والے ان تمام افراد کی باز آبادکاری کا وعدہ کیا۔ نکسل تحریک کی سرکوبی کرنے والی سی سکسٹی جوانوں کا اس موقع پر استقبال کیا گیا۔ گڈ چرولی پولس دستے کو پانچ بسیں، 14 فور وہیلرس اور 30 ٹو وہیلرس وزیرِ اعلیٰ کے ہاتھوں تقسیم کیے گئے۔ ضلع میں ہو رہے مختلف ترقیاتی کاموں کا بھی وزیرِ اعلیٰ نے معائنہ کیا۔

***** ***** *****

مصنوعی ذہانت یعنی آرٹیفیشیل ٹکنالوجی کی عالمی مسابقت میں مہاراشٹر رہنماء ثابت ہو، اس غرض سے ریاست کی پہلی اے آئی پالیسی تیار کرنے کی ہدایت اطلاعات و ٹکنالوجی کے وزیر آشیش شیلار نے دی ہے۔ کل اپنے محکمے کا جائزہ لینے کے بعد وہ اخبار نویسوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ انھوں نے توقع ظاہر کی کہ اے آئی ٹکنالوجی کا استعمال کر کے مزید صنعتیں اور کاروبار معرضِ وجود میں آئیں گے۔ جس سے نوجوانوں کو روزگار ملے گا۔ نیز ٹکنالوجی کی عالمی مسابقت میں مہاراشٹر قوت کے ساتھ کھڑا رہ سکے گا۔

***** ***** *****

پیٹرولیم کمپنیوں نے کاروباری مقاصد کیلئے استعمال ہونے والے کمرشیل گیس سلنڈر کی قیمت میں 15 روپئے کی تخفیف کر دی ہے۔ ممبئی میں اب 19 کلو کا LPG سلنڈر ایک ہزار 756 روپئے میں دستیاب ہوگا۔ تاہم گھریلو صارفین کے استعمال کے ایل پی جی سلنڈر کی قیمت میں کوئی ردّ و بدل نہیں کیا گیا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

نئے سال کے پہلے ہی دن درشن کیلئے جانے والے زائرین کی گاڑیوں کو مراٹھواڑہ میں پیش آئے دو علیحدہ علیحدہ حادثات میں آٹھ افراد ہلاک ہو گئے۔ جالنہ ضلع میں دھولیہ-شولاپور قومی شاہراہ پر مہاکاڑا میں راستے کے کنارے کھڑے ایک خراب ہو جانے والے ٹرک سے عقب سے آنے والی تیز رفتار کار ٹکرا گئی۔ جس کے نتیجے میں چھترپتی سمبھاجی نگر کی سمت جانے والی کار میں سوار چار افراد جائے حادثے پر ہی ہلاک اور دو افراد شدید زخمی ہو گئے۔ مہلوکین میں دو خواتین اور ایک گیارہ سالہ لڑکی بھی شامل ہے۔ یہ زائرین اَکّل کوٹ سے چھترپتی سمبھاجی نگر لوٹ رہے تھے۔ زخمیوں کو چھترپتی سمبھاجی نگر کے خانگی اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔

ایک دوسرے حادثے میں شولا پور ضلع کے اَکّل کوٹ کے میندرگی میں عقیدت مندوں کی ایک گاڑی اورٹرک کے مابین تصادم کے باعث چار زائرین جائے حادثے پر ہی ہلاک ہوگئے' جبکہ دیگر سات زخمی ہوگئے۔مہلوکین میں دوخواتین اور دومرد شامل ہیں۔ناندیڑضلع کے یہ تمام افراد اَکّل کوٹ سے گن گاپور درشن کیلئے جارہے تھے۔

***** ***** *****

وِدربھ ساہتیہ سنگھ کے ریاستی سطح کے اور دیگر ادبی ایوارڈز کا کل اعلان کر دیا گیا۔اس میں کُسمانل میموریئل ایوارڈ سنجے آرویکر کی کتاب ''آتم پرکاش'' کو اور آنجہانی گوپال راؤ مکند راؤ دیشپانڈے میموریئل ایوارڈ سدھیر رَساڑ اور وسنت پاٹنکر کو دیا جائے گا۔ یہ ایوارڈ 14 جنوری کو تفویض کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

وزیرِاعلیٰ شمسی توانائی زرعی اسکیم کے تحت جالنہ ضلع کے بدناپور تعلقے کے کیڑی گوہان میں واقع شمسی توانائی پروجیکٹ کا رکنِ اسمبلی نارائن کوچے کے ہاتھوں افتتاح عمل میں آیا۔ پانچ میگاواٹ قوت کے اس شمسی توانائی پروجیکٹ کے ذریعے علاقے کے چھ دیہاتوں کے گیارہ سو زرعی پمپوں کو دن میں بجلی فراہم کی جائیگی۔

***** ***** *****

پنیہ شلوک اہلیا دیوی ہولکر کی 300 ویں سالگرہ کے سلسلے میں چھترپتی سمبھا جی نگر میں آج سے دو روزہ کانفرنس منعقد کی جا رہی ہے۔اس کانفرنس میں اہلیا دیوی کی خدمات پر روشنی ڈالنے کیلئے ماہرین کے لیکچرز اور ڈرامے پیش کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

ABVP کے دیوگری پردیش کے 59 ویں اجلاس کا آج سے لاتور میں آغاز ہو رہا ہے۔ راجستھان کے گورنر ہری بھاؤ باگڑے کے ہاتھوں اس اجلاس کا افتتاح عمل میں آئے گا۔ تین دِن چلنے والے اس اجلاس کے حوالے سے کل جمعہ کو دوپہر میں شہر سے ایک ریلی بھی نکالی جائے گی۔

***** ***** *****

مہاراشٹر کے عزمِ مطالعہ کے تحت ''واچن سنکلپ مہاراشٹراچا'' کے عنوان سے ہنگولی میں سرکاری لائبریری میں مطالعہ ورکشاپ اور نمائشِ کتب کا افتتاح کل ضلع شماریات کے ڈپٹی ڈائریکٹر ایس ایم رچاواڑ کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ یہ مہم آئندہ 15 جنوری تک جاری رہے گی۔اس دوران اجتماعی مطالعہ، مطالعہ ورکشاپ' سیمینار اور دیگر پروگرام منعقد کیے جائیں گے۔اس مہم کے تحت ناندیڑ کی سوامی رامانند تیرتھ مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں آج اجتماعی مطالعہ پروگرام منعقد کیا جارہا ہے۔

***** ***** *****

پربھنی میں جنتور روڈ پر تبلیغی جماعت کے اجتماع کے پیشِ نظر پربھنی شہر کے ٹریفک کیلئے راستوں میں عارضی تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ضلع پولس سپرنٹنڈنٹ نے ایک اخباری بیان میں یہ اطلاع دی۔جس میں عوام کو تلقین کی گئی ہے کہ وہ ان متبادل عارضی راستوں کا استعمال کریں۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ وزیرِ اعظم فصل بیمہ اسکیم کے تحت مختص فنڈ میں اضافہ کرنے کا مرکزی کابینہ کا فیصلہ۔

☆ گڈ چرولی کو اِسٹیل سٹی آف اِنڈیا بنانے کی سمت کام جاری: وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کا عندیہ۔

☆ سالِ نو کے پہلے ہی دِن دو علیحدہ علیحدہ سڑک حادثات میں مراٹھواڑہ کے آٹھ زائرین ہلاک۔

☆ بزرگ ادیب سدھیر رَساڑ اور سنجے آر وِیکر کو وِدربھ ساہتیہ سنگھ کا ریاستی سطح کا ایوارڈ۔

اور۔۔۔☆ مہاراشٹر کے عزمِ مطالعہ مہم کے تحت ہنگولی اور ناندیڑ میں مختلف پروگراموں کا انعقاد۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****